الیکشن کمیشن آف پاکستان

پریس ریلیز

مورخہ:

مزید انہوں نے کہا کہ حلقہ بندی کے بعد الیکشن کا شیڈول دینے سے پہلے ملک کے مختلف حصوں میں موسمی اثرات کو مد نظر رکھا جائے تاکہ انتخابات کے دوران امیدواروں اور ووٹروں کو تکلیف نہ ہو۔انہوں نے چیف الیکشن کمشنر اور الیکشن کمیشن کی کارکردگی کو سراہا اور انہیں الیکشن کے تمام مراحل میں مکمل معاونت کا یقین دلایا۔ بلوچستان عوامی پارٹی نے الیکشن کمیشن پر مکمل اعتماد کا اظہار کیا اور اسکے ماضی میں کئے گئے متعدد فیصلوں پر بھی اعتماد کا اظہار کیا۔

بلوچستان نیشنل پارٹی کے نمائندہ جناب آغا حسن بلوچ صاحب نے الیکشن کمیشن پر مکمل اعتماد کا اظہار کیا اور کہا کہ الیکشن کمیشن کی کوشش ہونی چاہیے کہ انتخابات کا انعقاد 90 دن کے اندر ہو۔ مزید نئی مردم شماری درست نہیں ہوئی جس میں بلوچستان کی آبادی کم دکھائی گئی ہے۔ لہذا ہماری پارٹی یہ سمجھتی ہے کہ نئی حلقہ بندی کا کوئی فائدہ نہیں۔ اگر الیکشن کمیشن یہ سمجھتا ہے کہ حلقہ بندی ضروری ہے تو تمام حلقوں کی حلقہ بندی درست کی جائے جس میں پہلے حلقہ بندی درست نہیں کی گئی تھی۔

چیف الیکشن کمشنر نے وفود کو یقین دلایا کہ الیکشن کمیشن حلقہ بندی کے دورانیے کو مناسب حد تک کم کرنے کے بعد فوری الیکشن کے انعقاد کو یقینی بنائے گا۔ مزید حلقہ بندیاں اور انتخابات کا انعقاد آئین و قانون کے مطابق شفاف انداز میں مکمل ہو گا۔

Office Telephone: (+92)(51) (9205611)
Fax: (+92)(51) (9205300)
Address:
Election Commission Of Pakistan Secretariat, Election House, Constitution Avenue, G-5/2, Islamabad

Free, Fair, Transparent & Inclusive Elections
MEDIA COORDINATION
& OUTREACH WING

Scanned with CamScanner

الیکشن کمیشن آف پاکستان

پریس ریلیز

مورخہ: 30اگست2023ء

آج الیکشن کمیشن کے سیاسی جماعتوں کے ساتھ تین مشاورتی اجلاس ہوئے۔ پہلا اجلاس عوامی نیشنل پارٹی(ANP)، دوسرا اجلاس بلوچستان عوامی پارٹی(BAP)اور تیسرا بلوچستان نیشنل پارٹی(BNP)کے وفد کے ساتھ بالترتیب 11 بجے صبح،2 بجے دوپہر 3 بجے سہ پہر ہوا۔اجلاس کی صدارت جناب سکندر سلطان راجہ چیف الیکشن کمشنر نے کی۔اجلاس میں معزز ممبران الیکشن کمیشن کے علاوہ سیکرٹری و دیگر سینئر افسران نے شرکت کی۔

عوامی نیشنل پارٹی کی طرف سے میاں افتخار حسین صاحب، زاہد خان صاحب، خوشدل خان صاحب اور عبدالرحیم وزیر صاحب نے اجلاس میں شرکت کی۔ جبکہ بلوچستان عوامی پارٹی کے طرف سے جناب نصیب اللہ، منظور کاکڑ صاحب، نور محمد دومر صاحب، سردار عبدالرحمن کھتران اور بلوچستان نیشنل پارٹی کی طرف سے، جناب عبدالکریم نوشروانی، ثناء جمالی صاحبہ اور ونیش کمار صاحب شریک ہوئے عوامی نیشنل پارٹی کے وفد نے الیکشن کمیشن کو بریف کیا کہ الیکشن کا انعقاد آئین کے مطابق 90دن میں ہونا چاہیے۔الیکشن کمیشن کو حلقہ بندی شروع کرنے سے قبل سیاسی پارٹیوں سے مشاورت کرنی چاہیے تھی۔ کیونکہ الیکشن کمیشن آئین کے تحت دی گئی صوبوں کی نشستوں میں کمی یا زیادتی نہیں کر سکتا۔لہذا نئی حلقہ بندی کی ضرورت نہیں تھی۔الیکشن کمیشن صرف صوبہ کے اندر سیٹوں کو Adjust کر سکتا ہے۔انہوں نے کہا کہ الیکشن کمیشن ایک آئینی ادارہ ہے اور اس پر انہیں مکمل اعتماد ہے۔لہذا کمیشن نے جو حلقہ بندی کا فیصلہ کیا ہے وہ سوچ سمجھ کر کیا ہوگا۔لہذا اب الیکشن کی تاریخ کا اعلان اور شیڈول بھی دیا جائے تاکہ سیاسی پارٹیوں اور عوام کو تسلی ہو۔اس پر چیف الیکشن کمشنر نے کہا کہ الیکشن کمیشن کے جاری کردہ شیڈول کے مطابق حلقہ بندی کا کام 120دن کے اندر 14دسمبر 2023کو مکمل ہونا ہے الیکشن کمیشن حلقہ بندی کے کام کے دورانیے کو مزید کم کرنے کا ارادہ رکھتا ہے۔اور اسکے فوراً بعد الیکشن شیڈول کا اعلان کر دیا جائے گا۔یہ بھی ممکن ہے کہ آئندہ چند روز میں حلقہ بندی کے دورانیے کو کم کرنے کے بعد ساتھ ہی الیکشن شیڈول کا اعلان کر دیا جائے۔

بلوچستان عوامی پارٹی کے وفد نے الیکشن کمیشن کے نئی حلقہ بندی کے فیصلے کی تائید کی۔وفد کے ممبران کا کہنا تھا کہ کیونکہ مردم شماری کے نتائج شائع ہو چکے ہیں۔لہذا نئی مردم شماری کے مطابق حلقہ بندی نہ کرنا سیاسی پارٹیوں، امیدواروں اور پبلک کے ساتھ زیادتی ہوگی۔انہوں نے تجویز دی کہ صاف وشفاف حلقہ بندی اور غیر منصفانہ انتخابات کے انعقاد کو یقینی بنایا جائے۔

Office Telephone: (+92)(51) (9205611)
Fax: (+92)(51) (9205300)
Address:
Election Commission Of Pakistan Secretariat, Election House, Constitution Avenue, G-5/2, Islamabad

Free, Fair, Transparent & Inclusive Elections

MEDIA COORDINATION
& OUTREACH WING

Scanned with CamScanner